نقد و نظر

اسلام کا نظامِ تعزیرات

مصنف : عبدالرحمٰن بن عبدالعزیز داؤد

ترجمہ : شعبۂ ترجمہ و تالیف طارق اکیڈمی۔ فیصل آباد

ناشر : طارق اکیڈمی، فیصل آباد

صفحات ۲۵۶۔ کاغذ، کتابت، طباعت، جلد، سرورق عمدہ۔ قیمت عام ایڈیشن ۱۸ روپے، لائبریری ایڈیشن ۲۵ روپے۔

فاضلِ گرامی جناب عبدالرحمٰن بن عبدالعزیز بن داؤد نے ریاض یونیورسٹی کے شریعت کالج کے طالب علم کی حیثیت سے اسلامی علوم میں ڈپلوما حاصل کرنے کی غرض سے "العقوبات فی الاسلام" کے نام سے عربی میں ایک مقالہ تحریر کیا تھا۔ یہ مقالہ انھوں نے اپنے استاذِ محترم جناب حسین صدیق احمد کی نگرانی میں ۹۲-۱۳۹۳ھ کے تعلیمی سال میں سپردِ قلم کیا تھا۔ فاضل مصنف نے اس کی ترتیب و تدوین میں جو محنت کی اور جس کاوش سے مختلف کتابوں سے معلومات جمع کرکے اس کو ایک حسین علمی گلدستے کی شکل میں پیش کیا، اسے قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا اور مقالہ نگار کو امتیازی درجے میں کامیاب قرار دیا گیا۔ مقالہ چوں کہ ہر لحاظ سے معیاری تھا، اس لیے سعودی حکومت نے اس کو شائع کرنا ضروری سمجھا۔ اب یہ عربی مقالہ طارق اکیڈمی فیصل آباد کے شعبۂ ترجمہ و تالیف کی طرف سے "اسلام کا نظامِ تعزیرات" کے نام سے کتابی شکل میں اردو میں منتقل ہو گیا ہے۔

"اسلام کا نظامِ تعزیرات" اپنے موضوع اور مندرجات کے اعتبار سے نہایت عمدہ کتاب ہے۔ اور طارق اکیڈمی فیصل آباد نے اس کا ترجمہ کرکے اردو دان طبقے پر بہت بڑا علمی احسان کیا ہے۔ اس دور میں اس موضوع سے متعلق کتابوں کی شدید ضرورت ہے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ تعزیرات و حدود کا اطلاق کن چیزوں پر ہوتا ہے اور اسلام میں مختلف جرائم کے مرتکب لوگوں کے لیے کیا سزائیں مقرر ہیں؟

زیرِ نظر کتاب میں جن عنوانات سے تعرض کیا گیا اور جن امور کو وضاحت سے بیان کیا گیا ہے ان میں سے چند یہ ہیں :- حدود کی تعریف، حد کے لغوی اور اصطلاحی معنی، تعزیر اور تادیب میں فرق، حد اور تعزیر میں فرق، اسلامی سزاؤں کی اقسام، زنا کی سزا، سزائے قذف، شراب نوشی کی سزا، سرقے کی سزا، باغیوں کے متعلق احکام، مرتد کی تعریف اور اس کی سزا، سحر کی سزا، قصاص وغیرہ۔ اس سلسلے میں اور بھی بہت سے ضمنی عنوانات اور ذیلی مباحث درج کتاب ہیں - یوں تو اس کتاب کا مطالعہ ہر طبقے کے لوگوں کو کرنا چاہیے، لیکن مختلف عدالتوں کے جج صاحبان اور وکلائے کرام کو بالخصوص اس سے مستفید ہونا چاہیے، ان کے لیے یہ کتاب بڑی مفید ثابت ہوگی - حدود و تعزیرات کے بارے میں قانونی نوعیت کے جن مسائل سے ان کا عام طور پر عدالتوں میں واسطہ پڑتا ہے، کتاب و سنت اور فقہ کی روشنی میں ان کی پوری تعریف اور سزاؤں کی تفصیل بیان کی گئی ہے - ترجمہ کی زبان واضح، رواں اور صاف ہے۔ کہیں کوئی گنجلک یا الجھاؤ نہیں ہے۔

احوال و آثار میرزا اسد اللہ خاں غالب

مصنف : محمد علی فرجاد

ناشر : مرکزِ تحقیقاتِ فارسی ایران و پاکستان - اسلام آباد

بہترین کتابت، عمدہ طباعت، شاندار کاغذ۔ صفحات مع مقدمہ و فہرست عنوانات وغیرہ ۲۹۰ - قیمت ۳۵ روپے

زیرِ نظر کتاب "احوال و آثار میرزا اسد اللہ خاں غالب"، میرزا غالب کے بارے میں اپنی نوعیت کی بہترین کتاب ہے۔ اب تک اس ضمن میں جو کچھ لکھا گیا ہے، اس کی حیثیت اس میں معلومات افزا اضافے کی ہے - کتاب فارسی زبان میں ہے - ابتدا میں "دربارۂ ایں کتاب" کے عنوان سے کتاب کا تعارف کرایا گیا ہے اور اس کے مشتملات کی مختصر طور سے تصریح کی گئی ہے۔ یہ فرض جناب محمد جعفر محجوب نے انجام دیا ہے۔ اس کے بعد جناب پروفیسر شکور احسن صاحب (استاذ پنجاب یونیورسٹی) کی تقریظ ہے۔ پھر کتاب کے فاضل مصنف نے مقدمہ تحریر کیا ہے - اس کے بعد لائق مصنف نے شروع سے لے کر غالب کے زمانے تک برصغیر پاک و ہند میں فارسی ادب میں جو خدمات انجام دی گئی ہیں، اس کا جائزہ لیا ہے۔ کتاب کا یہ حصہ بڑا معلوماتی ہے اور واقعہ یہ ہے کہ مصنف نے اس میں بڑی تحقیق اور کاوش کا ثبوت